© rasailojaraid.com

# "استحکام مدارس و پاکستان کانفرنس" کے شرکاء کی خدمت میں ضروری معروضات

1۔ آنجناب کی خدمت میں درخواست ہے کہ "استحکام مدارس و پاکستان کانفرنس" میں شرکت سے متعلق یہ عریضہ ملتے ہی اپنے مدرسہ کے اساتذہ کرام ،طلبہ اور بزرگ شخصیات کو اس اجتماع کے بخیر و خوبی انعقاد، ہر طرح سے حفاظت، خصوصی مدد اور اپنے اہداف میں کامیابی کی دعاؤں کی طرف متوجہ فرمادیں۔اس مقصد کے لیے روزانہ سورۂ یٰسین شریف، آیت کریمہ، درود شریف اور ختم خواجگان کا اہتمام فرمایا جائے۔

2۔ اجتماع میں شرکت کے لیے تیاری شروع فرمادیں، مدارس کے ذمہ دار حضرات، اساتذہ اور بڑی جماعتوں کے طلبہ کی شرکت کو یقینی بنائیں۔

3۔ اپنے حلقۂ اثر میں اپنے تمام معاونین، احباب، وکلاء، اساتذہ، تاجر، ملازمین، سرکاری عہدیداران، بلدیاتی اداروں اور اسمبلیوں کے ارکان، اہل علم اور ممتاز افراد کو بھرپور دعوت دیں۔خصوصی حضرات کے لیے خصوصی دعوت نامہ دفتر وفاق سے حاصل فرمالیں۔

4۔ اس اجتماع کی زیادہ سے زیادہ تشہیر فرمائیں اس سلسلے میں جو اشتہار "وفاق المدارس العربیہ پاکستان" نے شائع کیا ہے تمام حضرات اسی کو عام فرمائیں، البتہ اشتہار کے نیچے ادارہ یا شخصیت کا نام دیا جاسکتا ہے، اخبارات کے لیے بیانات جاری فرمائیں۔

5۔ اپنے مدارس کے باہر فوری طور پر بینرز آویزاں فرمائیں نیز پمفلٹ اور ہینڈ بل کے ذریعے جس قدر ممکن ہو، اس اطلاع و اعلان کو عام فرمائیں۔

6۔ مدارس اور جمعہ کے اجتماعات میں کانفرنس کا اعلان کریں اور دینی ذہن رکھنے والے تمام مسلمانوں کو بلا امتیاز دعوت دیں۔

7۔ مدارس کے ذمہ داران، ناظمین اور مسئولین سے رابطہ میں رہیں اور اس سلسلہ میں اُن سے ہر ممکن تعاون فرمائیں۔

8۔ کوشش فرمائی جائے کہ تمام حضرات قافلوں کی صورت میں شریکِ اجتماع ہوں۔

9۔ شرکاءِ اجتماع دوران سفر، تلاوت قرآن کریم، ذکر، درود شریف، آیت کریمہ اور تسبیحات کا اہتمام فرمائیں اور باوضو رہیں۔

10۔ آتے اور جاتے ہوئے دورانِ سفر نماز باجماعت کا اہتمام فرمائیں، منظم و پُر امن انداز اختیار فرمائیں۔ شر پسند عناصر پر نظر رکھیں، کوئی غیر معمولی نقل و حرکت محسوس کریں تو فوراً ذمہ دار حضرات سے رابطہ فرمائیں یا حکمت عملی سے سدِ باب کریں۔

11۔ بسیں یا ویگن پر "استحکام مدارس و پاکستان کانفرنس" کا بینر لگا کر آئیں، پاکستان کے جھنڈے کے علاوہ کوئی اور جھنڈا نہ لہرائیں۔

12۔ شرکاءِ اجتماع کو نعرے لگانے کی اجازت نہ ہوگی نعرے صرف سٹیج سے لگیں گے۔اس سلسلہ میں شرکاء کی تربیت کی جائے اور طلبہ پر نگران مقرر کیے جائیں۔

13۔ تمام شرکاء کو تلقین فرمائیں کہ وہ پورا وقت اجتماع گاہ میں رہیں سیر و سیاحت میں وقت ضائع نہ کریں۔

14۔ دور سے آنے والے حضرات اپنے قیام و طعام کا انتظام ذاتی طور پر فرمادیں، مناسب ہے کہ پانی کی بوتل اور جوتوں کے لیے شاپر بیگ ہمراہ رکھیں، عالمانہ شان کے ساتھ شریک ہوں، عمامہ کا اہتمام ہو سکے تو بہتر ہے۔

ان معروضات کے علاوہ بھی اس اجتماع کو کامیاب و مؤثر بنانے کے لیے کوئی بات ضروری خیال فرمادیں تو اس پر عمل فرمائیں۔

Email:wifaqulmadaris@gmail.com ph:061-6514525-6-7 fax:061-6539485 web:www.wifaqulmadaris.org

© rasailojaraid.com